# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

## پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I سالانہ امتحان 2015ء انشاء اللہ مورخہ 23 مئی 2015ء سے شروع ہو رہا ہے۔
پارٹ I کے امیدواران کے لیے 99 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

اس سلسلہ میں پرائیوٹ امیدواران کو رولنمبر سلپس بمعہ ڈیٹ شیٹ ان کے دیئے گئے پتہ جات پر ارسال کر دی گئی ہیں تاہم پرائیوٹ امیدواران خود بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ ریگولر امیدواران کو سلپس ان کے ادارہ جات خود ڈاؤن لوڈ کر کے دیں گے۔ مورخہ 19-05-2015 تک رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کے ضروری کوائف کے ساتھ دفتر سے فوراً رابطہ کریں۔

تمام امیدواران مطلع رہیں کہ امتحانی مراکز پر موبائل فون لے جانا اور اس کا استعمال قطعی ممنوع ہے۔ کسی امیدوار سے موبائل فون برآمد ہونے کی صورت میں اس کے خلاف حسب ضابطہ UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کیا جائے گا۔ مزید برآں کسی بھی قسم کے ناجائز ذرائع کے استعمال پر بورڈ قوانین کے مطابق UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کروایا جائے گا۔

تمام امیدواران امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2015ء پارٹ I اس بات کو یاد رکھیں کہ وہ اپنا پرچہ دینے کے لیے امتحانی مراکز پر پرچہ شروع ہونے سے 30 منٹ (آدھ گھنٹہ) پہلے پہنچ کر اپنی مقرر کردہ سیٹ پر بیٹھ جائیں۔ تاکہ تمام کوائف کے اندراجات صحیح طور پر مکمل کر کے پرچہ بروقت شروع کیا جا سکے۔ وقت مقررہ سے 30 منٹ سے پہلے امتحانی مراکز میں نہ آنے والے طلباء کو امتحان میں شریک ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ طلبہ Bubble Sheet پر کرنے کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ WWW.bisesahiwal.eud.pk سے راہنمائی حاصل کریں۔ اور خصوصی طور پر معروضی پیپر کوڈ کا جوابی کاپی کے دونوں جانب متعلقہ Bubble Sheet پر لازماً صحیح طور پر اندراج کریں۔ غلطی / کوتاہی کی صورت میں امیدوار خود ذمہ دار ہونگے۔

جملہ ہائر سیکنڈری سکولوں اور کالجوں کے سربراہان خصوصی طور پر اپنے اداروں کے طلبہ کو امتحانی مراکز میں پرچہ شروع ہونے کے وقت سے یقینی طور پر 30 منٹ قبل پہنچنے کے بارے میں لازمی ہدایت فرمائیں اور طلبہ کی Bubble Sheet پر کرنے میں راہنمائی فرمائیں۔

مزید معلومات کے لیے بورڈ کے ان ٹیلی فون نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

کنٹرولر امتحانات 040-9200518 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) 040-9200522

کنٹرولر امتحانات

نمبر 432-CE مورخہ 18-05-2015

۱۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن
۲۔ صدر پریس کلب، ساہیوال برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات
۳۔ صدر ایڈیٹرز کونسل، ساہیوال برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات۔
۴۔ جملہ برانچ آفسران، بورڈ ہذا۔
۵۔ ویب ڈویلپر / ویب مینجر برائے ویب سائٹ۔